24/01/2026 12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عابدہ اختر

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج 18ویں روز گار میلے کے موقعے پر61ہزار سے زائد نوجوانوں میں آن لائن موڈ کے ذریعے نوکریوں کے آڈر تقسیم کئے ۔ اس سلسلے میںملک کے 45مختلف مقامات پر تقریبات منعقد ہوئیں۔

وزیر اعظم نے اس موقعے پر سر کار کی طرف سے لیبر ریفارم لاگوکرکے سماجی تحفظ کو یقینی بنانے کا حوالہ دیتے ہوئے ان نو منتخب ملازمین سے کہا کہ وہ حکومتی ساز ی کو بہتر بنانے کیلئے جدید تکنیکی مدد سے چھوٹی چھوٹی اصلاحات کرکے عوام اور ملک کی کلہم ترقی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔

...........PM...........

سوا ندی

پردھان منتری سوا ندی کریڈٹ کارڈ سہولت کے ملک گیر آغاز کے موقعے پر جموں کشمیر کے مختلف اضلاع میں خصوصی تقریبات منعقد کی گئیں۔ وزیر اعظم نریند ر مودی نے قومی سطح پر اس اسکیم کا آغاز کرتے ہوئے ایک لاکھ سٹریٹ وینڈرس کے حق میں قرضہ جات فراہم کئے ۔

سرینگر میونسپل کارپوریشن میں اس موقعے پر براہ راست ویب کاسٹنگ کا اہتمام کیاگیا ، جہاں نے اہل وینڈرس میں کریٹ کارڈس اور منظوری نامے تقسیم SMC ڈپٹی کمشنر سرینگر اور کمشنر کئے ۔

اسی طرح جموں کشمیر کے تمام اضلاع میں بھی ضلعی انتظامیہ نے پروگرام میں شرکت کی اور درجنوں سٹریٹ وینڈرس کو قرض کی منظوری کے کارڈ فراہم کئے ۔

گرل چائلڈ

آج نیشنل گرل چائلڈ ڈے منایاجا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد سماج مینبچیونکے تحفظ اور جنسی تفاوت سے کے توہمات کے خاتمے سے متعلق بیداری پیدا کرناہے۔

اس سلسلے میں آج کئی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں۔

اس موقعے پر وزیر اعظم نریند رمودی نے ملک کی بچیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہاکہ سرکار بچیوں کو با اختیار بنانے کیلئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی اس دن کے موقعے پر بچیونکو مبارکبا د دی ہے اور کہا ہے کہ بچیانسماجی ترقی میں اہم کردار نبھاتی ہیں اسلئے ہمیں ان کے حقوق کے تحفظ اور سماجی مساوات کیلئے عہد بستہ ہونا چاہئے ۔

نائب وزیر اعلی

نائب وزیراعلیٰسریندر چودھری نے کہا ہے کہ حکومت یوٹی میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور دور دراز و سرحدی علاقوں میں نوجوانوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے
پ

رعزم ہے-±

جموں یونیورسٹی میں آسمتا کھیلو انڈیا ویمنز لیگ، نارتھ زون کِک باکسنگ ٹورنامنٹ 2026 کا افتتاح کرنے کی بعد اپنے خطاب میں انہوں نے ان خیالات کا اظہار کیا۔

نائب وزیرِ اعلیٰ نے خواتین کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مقابلے خواتین کو بااختیار بنانے اور کھیلوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ حکومت کھیلوں کے ذریعے نوجوانوں کو مثبت سمت دینے اور جموں و کشمیر میں امن و ترقی کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔

سکینہ ایتو

وزیرِ صحت و طبی تعلیم سکینہ اِیتو نے کہا ہے کہ حکومت جموں و کشمیر میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور دیہی اور دور دراز علاقوں میں بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے
پ

رعزم ہے-وہ کل ڈی ایچ پورہ کے شہید ولی محمد اِیتو میموریل سب ضلع اسپتال میں نئے ڈائلیسز ± یونٹ کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہی تھیں۔

وزیرِ صحت نے کہا کہ اس سہولت سے گردوں کے مریضوں کو بروقت اور جان بچانے والا علاج مقامی سطح پر میسر ہوگا۔انہوں نے اسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور خراب موسم کے پیش نظر ادویات اور معیاری طبی نگہداشت کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

لیبر کمشنر

لیبر کمشنر جمونکشمیر چرندیپ سنگھ نے پردھان منتری شرم یوگی مان دھن اسکیم کے نفاذ اور پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

میٹنگ میں بتایاگیاکہ جموں کشمیر میں اب تک85ہزار سے زائد غیر منظم شعبے کے مزدور اس اسکیم کے تحت رجسٹر ہو چکے ہیں۔

لیبر کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ رجسٹریشن مہم کو مشن موڈ میں جاری رکھا جائے اور بیداری پروگراموں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ مستحق افراد کا اندراج کرایا جا سکے۔
انہوننے کہاکہ یہ اسکیم غیر منظم مزدوروں کو بڑھاپے میں مالی تحفظ فراہم کرنے کیلئے نہایت ہی اہم ہے۔

ٹریفکIGP

ٹریفک محمد سلیمان چودھری نے کشمیر وادی بانہال اور رام بن میں حالیہ برفباری کے بعد IGP ٹریفک صورتحال اور یوم جمہوریہ کے حوالے سے کئے جا رہے انتظاما ت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطح میٹنگ کی صدارت کی۔

ٹریفک نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ موسمی صورتحال بہتر ہونے تک جموں کی جانب IGP جانے والی گاڑیوں کی نقل و حرکت محدود رکھی جائے جبکہ قومی شاہراہ پر مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے تمام اقدامات کئے جانے چاہیے۔

انہوں نے یوم جمہوریہ کے موقعے پر ٹریفک کی بلا خلل آوا جائی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت دی ۔

اس کے ساتھ *ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا* ۔

خدا حافظ